سیریل نمبر : RWP-RTA-002959 پولیس فارم نمبر 24-5 (1)

ابتدائی اطلاعی رپورٹ نسبت جرم قابل دست اندازی پولیس رپورٹ شدہ زیر دفعہ 154 مجموعہ ضابطہ فوجداری

نمبر : 364/21 تھانہ : رتہ امرال ضلع : راولپنڈی ای لیگ نمبر : RA-6/21/2021-2352 تاریخ ووقت وقوعہ : 21-06-2021 07:10 PM

1	تاریخ ووقت رپورٹ	بحوالہ روزنامچہ نمبر (37) 21-06-2021 08:05 PM	6	تھانہ سے روانگی کی تاریخ ووقت	بذریعہ سپیشل رپورٹ
2	نام و سکونت اطلاع دہندہ مستغیث	عمران طاہر FC پتہ : تھانہ رتہ امرال، پیشہ : DFC تھانہ رتہ امرال فون نمبر : 03335462665 مرتبہ مرسلہ : راشد محمود کیانی SI/SHO تھانہ رتہ امرال بر بیان ازاں عمران طاہر DFC C/7264 تھانہ رتہ امرال راولپنڈی			
3	مختصر کیفیت جرم (معہ دفعہ) و مال اگر کچھ کھو گیا ہے	بجرم : ت پ 298A			
4	جائے وقوعہ و فاصلہ تھانہ سے اور سمت	بعد رقبہ جامع مسجد اقصیٰ ریلوے سکیم نمبر 7 بفاصلہ قریب 1.5 کلو میٹر جانب شمال مشرق از تھانہ بیٹ نمبر :1 ہزارہ کالونی، حاجی روڈ، مظہرآباد ،ریلوے سکیم نمبر 7، ملحقہ نالہ لئی۔ریلوے کوارٹر کولو شیڈ			
5	کاروائی متعلقہ تفتیش اگر اطلاع درج کرنے میں کچھ توقف ہوا ہو تو اس کی وجہ بیان کی جاوے	حسب آمد بیان بشکل استغاثہ مقدمہ درج ہوا			

دستخط : MUHAMMAD ASLAM بیلٹ نمبر : R-302 عہدہ : SI ٹیلی فون نمبر : 03335807786

(ابتدائی اطلاع نیچے درج کریں)

بیان ازاں عمران طاہر DFC C/7264 متعینہ تھانہ رتہ امرال راولپنڈی فون نمبر 0333.5462665 CNIC37405.4112686.9 بیان کیا کہ میں تھانہ رتہ امرال میں بطور DFC تعینات ہوں آج مورخہ 21.06.2021 کو بسلسلہ کارسرکار علاقہ تھانہ ریلوے سکیم نمبر 7 میں موجود تھا کہ بوقت قریب7/10 بجہشام اہل علاقہ کافی تعداد میں موجود تھے ۔ جن میں شدید جذبات اور غم و غصہ تھا جو کہ میرے پتہ کرنے پر لوگوں نے بتلایا کہ خطیب مولوی محمد اسماعیل طورو جامع مسجد اقصیٰ ریلوے سکیم نمبر 7 راولپنڈی نے مفتی عبدالعزیز ملعون والے واقعہ جسکی وڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو چکی ہے کے حق میں اپنی مسجد اقصیٰ میں کچھ مولوی اکٹھے کر کے تقریر کرتے اپنی وڈیو ریکارڈ کروائی اور الزام لگایا کہ ایسے واقعات حضرت محمد ﷺ کے زمانے پاک زمانے میں ایسے واقعات پاک محفوظ الرخطہ لوگوں سے نہیں ہوئے یعنی الٹا یہ الزام لگایا کہ ایسے واقعات نعوذ باللہ اصحابہ اکرامؓ سے بھی ہوئے۔ انکی وڈیو بھی وائرل ہو چکی مولوی محمد اسماعیل طورو نے یہ تقریر ریکارڈ کروا کر امت مسلمہ کے جذبات کو مجروح کیا اور عبدالعزیز ملعون کے عیب پر پردہ پوشی کرنے کی کوشش کی اور اصحابہ اکرامؓ کی توہین کی جسکی وجہ سے عوام الناس اور اہل علاقہ میں سخت غم و غصہ پایا جاتا ہے جو کہ وڈیو مولوی اسماعیل طورو بذریعہ USB محفوظ کر کے پیش کرتا ہوں۔ مولوی محمد اسماعیل طورو امام مسجد جامع مسجد اقصیٰ ریلوے سکیم نمبر 7 کے خلاف قانونی کاروائی کیجاوے۔العبد دستخط بحروف اردو عمران طاہر تصدیقی دستخط بحروف انگریزی SI/SHO کارروائی پولیس میں معہ وسیم سرور ASI عطاحسین C/4630 مسلح نزاکت حسین C/8512 مسلح بسواری سرکاری گاڑی موبائل نمبر 1 جسکو ڈرائیور قیصر محمود C/3995 چلا رہا ہے ۔ بسلسلہ گشت گنجمنڈی موڑ موجود تھا کہ عمران طاہر DFC C/7264 بالا نے میرے پیش ہو کر بیان تقریری دیا جو حرف بحرف ضبط تحریر میں لایا جا کر مذکورہ کو پڑھ کر سنایا و سمجھایا گیا جس نے بیان خود کو درست تسلیم کرتے ہوئے زیر بیان اپنے دستخط بحروف اردو کر دیئے جسکی میں تصدیق کرتا ہوں مضمون بیان و حالات واقعات سے سردست صورت جرم 298A/PPC پائی جا کر بیان بشکل استغاثہ بغرض اندراج مقدمہ بدست نزاکت حسین C/8512 کے ارسال تھانہ مقدمہ درج رجسٹر کر کے تفتیش مقدمہ پر محمد اسلم SI کو مامور کیا جاوے۔ از گنجمنڈی موڑ بوقت 7/55 بجہشام دستخط بحروف انگریزی راشد کیانی SI/SHO تھانہ رتہ امرال 21.06.2021 از تھانہ حسب آمد بیان بشکل استغاثہ رپورٹ ابتدائی اطلاعی ہذا بجرم مذکور مرتب ہوئی۔ اصل استغاثہ معہ نقل FIR ہمراہ لیکر میں معہ ارندہ کنسٹیبل نزاکت حسین C/8512 کے مصروف تفتیش ہو کر روانہ موقعہ کا ہوتا ہوں۔ محرر بعد تکمیل ریکارڈ دیگر نقول FIR بذریعہ خاص کنسٹیبل بشکل سپیشل رپورٹ جا بجا بخدمت افسران مجاز ارسال کرے۔

SI MUHAMMAD ASLAM
21-06-2021